ایسا مزے کا حلوہ کہ ہر دل مانگے مور

03078162003

شکرقندی کا مفید و مزیدار حلوہ:

بعض لوگ شکرقندی کا حلوہ بنا کر بھی کھاتے ہیں۔

یہ حلوہ بدن کو تغذیہ اور تقویت بخشتا ہے اس کا بنانے کا طریقہ یہ ہے:۔

شکرقندی کو باریک باریک تراش کر خشک کرلیں اس کے بعد کوٹ چھان کرآٹا بنائیں روزانہ صبح کے وقت ایک چھٹانک یہ آٹا لے کر ایک چھٹانک دیسی گھی میں بھونیں اور تین چھٹانک چینی کا قوام شامل کرکے حلوہ تیار کریں

اگر چاہیں تو اس میں مغزبادام‘ مغز پستہ اور ناریل باریک باریک تراش کر شامل کریں۔

اس کے علاوہ ابالی ہوئی یا بھوبھل میں بھونی ہوئی شکرقندی سے بھی حلوہ بناسکتے ہیں۔

ابالی ہوئی شکرقندی ضرورت کے مطابق لیں اور چھلکے اور ریشوں سے صاف کرکے گھی میں بھونیں اس کے بعد چینی شامل کرکے بدستور حلوہ تیار کریں۔

0307-8162003